MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# تربیت برائے
# حجاج کرام
# برائے سال
# 2024(۱۴۴۵)

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ


# پریزنٹیشن کی ترتیب

- ❖ حج (۱۴۴۵) 2024 کے منفرد اقدام
- ❖ عمومی معلومات
- ❖ سفرِ حج کی تیاری وروانگی
- ❖ مکہ مکرمہ میں رہائش
- ❖ مدینہ منورہ میں رہائش
- ❖ مناسک حج وعبادات
- ❖ اختتامیہ
- ❖ سوال وجواب
- ❖ خواتین کے مسائل (صرف خواتین حجاج کیلئے)

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج (١٤٤٥) 2024 کے منفرد اقدام

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN




# پاک حج ایپ



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پاک حج ایپ

حج ایپ کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں:

- حجاج کی ذاتی و گروپ معلومات
- حج تربیت، ویکسینیشن، روانگی و آمد کی فلائٹ اور مکتب کی معلومات
- مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں رہائش

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پاک حج ایپ (جاری)

- گمشدگی کی صورت میں رہنمائی
- شکایات کا اندراج اور ازالہ کی رہنمائی
- حج کتابچہ (رہنمائے حج) کی دستیابی

# ایپ کی انسٹالیشن




پلے سٹور سے مندرجہ ذیل لنک استعمال کرتے ہوئے پاک حج ایپ انسٹال کریں:


For Android:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.nitb.android.hajjapp&hl=en&gl=US

For IOS


https://apps.apple.com/pk/app/pak-hajj/id6473727234

انسٹال کا بٹن دبائیں




# ایپ کا کھولنا

انسٹال ہونے کے بعد اوپن کے بٹن کو کلک کریں




# ایپ لاگ ان

- لاگ ان اسکرین
- شناختی کارڈ نمبر
- حج درخواست نمبر درج کریں
- چیک باکس سلیکٹ کریں
- سائن ان کا بٹن دبائیں




# ایپ کا مین اسکرین

- ❖ حاجی کا نام
- ❖ زبان کا انتخاب کریں
- ❖ ایپ سے باہر نکلنے کا بٹن

# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات




- ❖ ذاتی معلومات
- ❖ گروپ کی معلومات
- ❖ محرم کی معلومات
- ❖ مددگار کی معلومات

- ❖ اضافی سہولیات
- ❖ نامزد کی معلومات
- ❖ درخواست دہندہ کا بینک اکاؤنٹ
- ❖ درخواست کی حیثیت

# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔ (جاری)




## تربیت کا شیڈول

- ❖ حاجی کیمپ کی تفصیلات
- ❖ مکمل شیڈول
- ❖ تاریخ اور وقت

## ویکسینیشن کی تفصیلات

- ❖ شیڈول




# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔(جاری)

رہائش

- مکہ مکرمہ رہائش
- مدینہ رہائش
- مکتب معلومات

دعا


# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔ (جاری)




پروازوں کا شیڈول
- ❖ روانگی
- ❖ آمد

تربیتی مواد
- ❖ تربیتی ویڈیوز
- ❖ حج کتابچہ

# مختلف آئیکون ( بٹن) کی معلومات ۔(جاری)




- شکایت کی قسم
- شکایت کی تفصیل

- ہوم
- شکایات
- SOS
- اعلانات
- پروفائل



# حج (۱۴۴۵) 2024 کے منفرد اقدام

- حجاج کرام کو ٹرالی بیگ (25 کلو)، دستی بیگ (7 کلو) اور جوتوں کے بیگ کی فراہمی
- علاوہ ازیں مرد حجاج کرام کے لئے احرام کی بیلٹ جبکہ خواتین حجاج کرام کے لئے سکارف کی فراہمی بھی شامل ہے
- سعودی عرب میں استعمال کے لئے بلا معاوضہ سم مہیا کی جائے گی

# سفر حج

- حج اسلام کا ایک بنیادی رکن ہے جو نہایت ہی باعث ثواب ہے
- ثواب کے ساتھ ساتھ یہ ایک نہایت ہی مشقت طلب عبادت ہے
- وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی حجاج کرام کی سہولت کے لیے ہر طرح کوشاں ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سفر حج

HAJJ

- موسم کی شدت اور حجاج کی تعداد وزارت کے لیے ہمیشہ سے ایک بڑا چیلنج رہا ہے
- لہذا وزارت کی کوششوں کے باوجود حجاج کرام کو غیر متوقع مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے
- حج کی اہمیت اور عظمت کے پیش نظر حجاز مقدس میں قیام کے دوران حجاج کرام سے صبر و تحمل کی استدعا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سفرِ حج کی تیاری

HAJJ

- ❖ سعودی ویزا بائیو ایپ (Saudi Visa Bio) میں بائیو میٹرک

[https://play.google.com/store/apps/details?id=sa.gov.mofa.saudivisabio&hl=en&gl=US](https://play.google.com/store/apps/details?id=sa.gov.mofa.saudivisabio&hl=en&gl=US)

- ❖ متعلقہ بینک برانچ میں حصول ویزا کے لئے پاسپورٹ جمع کروانا جس کی میعاد کم از کم چھ ماہ تک کارآمد (16 دسمبر 2024) ہو

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# سعودی ویزہ بائیو ایپ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# سفرِ حج کی تیاری

- وزارت کی ویب سائٹ و پاک حج ایپ کا مطالعہ اور روزانہ ہلکی پھلکی ورزش (2سے 3 کلو میٹر پیدل چلنا)
- سمارٹ فون کا استعمال اچھی طرح سیکھنا
- کموڈ واش روم استعمال کرنے کی عادت

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# روانگی سے قبل ضروری امور

- گروپ کے تمام حجاج کا روانگی سے 10 دن پہلے طبعی معائنہ اور حفاظتی ٹیکے لگوانے کے لئے حاجی کیمپ تشریف لانا
- ساتھ ہی ٹرالی بیگ (25 کلو)، دستی بیگ (7 کلو)، جوتوں کا بیگ، خواتین کا سکارف، مردوں کیلئے احرام کی بیلٹ اور بین الاقوامی رومنگ سم کا حصول

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# روانگی سے قبل ضروری امور

- ضرورت کی بنیاد پر اپنی روزمرہ استعمال کی ادویات بمعہ ڈاکٹری نسخے پیک (Seal) کروائیں
- ہوائی ٹکٹ، ویزا لگا پاسپورٹ اور سفری کوائف نامہ ( Luggage Tag) پرواز سے دو دن پہلے حاجی کیمپ سے وصول کریں۔ گروپ کا کوئی ایک ممبر وصول کر سکتا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ضروری سامان برائے سفرِ حج

- دو عدد احرام و عبایا
- روزمرہ استعمال کے کپڑے (شلوار قمیض)
- ہوا والا تکیہ
- حج و عمرے کا جوتا
- سفری جائے نماز
- بغیر خوشبو والا صابن
- پلیٹ، گلاس اور چمچ
- سمارٹ فون
- کم از کم 2000 سعودی ریال

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ممنوعہ سامان برائے سفر حجاز

HAJJ

- سعودی عرب میں ہر قسم کی منشیات یعنی چرس، افیون، ہیروئین وغیرہ لے جانے والے کو سزائے موت دی جاتی ہے۔
- عازمینِ حج احتیاط کریں کسی کا دیا ہوا پیکٹ یا سامان اپنے ساتھ نہ لے کر جائیں۔
- سیگریٹ، بیڑی، نسوار، گٹکا، پان اور حکیمی و یونانی ادویات لے کر جانا منع ہے
- کوئی دوائی بغیر ڈاکٹر کے نسخے اور بغیر سیل کروائے نہ لے کر جائیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سفری دستاویزات

مندرجہ ذیل سفری دستاویزات ساتھ رکھیں

- پاسپورٹ اور ویزے کی کاپی (4عدد)
- پاسپورٹ سائز تصاویر (4عدد)
- گردن توڑ بخار، فلو اور پولیو کارڈ
- ہوائی ٹکٹ بمعہ بورڈنگ کارڈ
- نادرا کا جاری کردہ اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ
- محکمانہ این او سی (اگر سرکاری ملازم ہو)
- سفری کوائف نامہ (4عدد)

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ائیرپورٹ کے لئے ہدایات۔1

HAJJ

- اصلی پاسپورٹ
- ہوائی ٹکٹ اور ویزہ
- Vaccination کارڈ
- سفری کوائف نامہ
- محکمانہ این او سی (اگر سرکاری ملازم ہو)

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# ائیرپورٹ کے لئے ہدایات۔2

- ❖ ایئرپورٹ پرواز کی روانگی سے 4 - 6 گھنٹے پہلے پہنچیں
- ❖ ایئرپورٹ پر سفری کوائف نامہ سامان پر لگائیں اس سلسلے میں حاجی کیمپ کا نمائندہ بھی آپ کی مدد کرسکتا ہے
- ❖ اے۔این۔ایف۔ سے چیکنگ کے بعد کلیئرنس کا سٹیکر لگوائیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سامان بکنگ وامیگریشن۔ ہدایات۔ 1

HAJJ

- بکنگ والے سامان / بیگ کو پلاسٹک کور لگائیں
- لائن میں لگ کر پاسپورٹ و ٹکٹ دکھا کر بورڈنگ کارڈ حاصل کریں
- اپنے پاسپورٹ پر امیگریشن کاؤنٹر سے تصویر کھنچوا کر مہر لگوائیں
- براہ راست مدینہ جانے والے حجاج احرام نہ باندھیں البتہ جدہ جانے والے حجاج کے لئے بہتر ہے کہ احرام ائیرپورٹ پر ہی باندھ لیں کیونکہ ان کا میقات پرواز کے دوران آجائیگا

# سامان بکنگ و امیگریشن۔ ہدایات

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

- امیگریشن کے بعد متعلقہ گیٹ نمبر یا ویٹنگ لاؤنج میں اطمینان سے انتظار کریں
- روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ کے تحت سفر کرنے والے حجاج کی امیگریشن پاکستان (اسلام آباد و کراچی) میں ہی ہو گی
- سفری کاغذات پاسپورٹ، ٹکٹ، ٹیکے کا سرٹیفیکیٹ سنبھال کر دستی بیگ میں رکھ لیں۔ ان میں سے کوئی بھی چیز ائیر پورٹ پر چھوڑ گئے تو سعودی ائیر پورٹ پر بہت پریشانی ہو گی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# دوران پرواز کی ہدایات

- جہاز میں ہونے والے اعلانات کو غور سے سنیں اور اس کے مطابق عمل کریں۔
- کموڈ میں کپڑا یا پتھر نہ ڈالیں اور گندگی نہ پھیلائیں ورنہ آپ کا احرام ناپاک ہو سکتا ہے
- پاکستان سے جدہ اور مدینہ تک کا سفر چار سے پانچ گھنٹے کا ہو گا
- پرواز کے دوران تلبیہ پڑھتے رہیں اور حج کے مناسک کا مطالعہ کرتے رہیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سعودی ائیرپورٹ پر امیگریشن کے مراحل-1

HAJJ

- مدینہ ائیرپورٹ پر جہاز سے اترنے کے بعد ٹنل کے ذریعے امیگریشن ہال میں آنا اور پولیو ڈراپس پینا
- جدہ ائیرپورٹ پر جہاز سے اتر کر بسوں میں سوار ہونا
- جدہ ائیرپورٹ پر بسوں سے اتر کر ٹرمینل میں داخل ہوتے ہوئے پولیو ڈراپس پینا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سعودی ائیرپورٹ پر امیگریشن کے مراحل-2

HAJJ

- جدہ ائیرپورٹ پر چھوٹے ہال میں انتظار کے بعد بڑے امیگریشن ہال میں جانا
- فرش پر لگی سرخ لائن کے پیچھے قطار بنانا
- باری آنے پر امیگریشن کروانا یعنی فنگر پرنٹس، تصویر اور دخول کی مہر لگوانا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سعودی ائیرپورٹ پر امیگریشن کے مراحل۔3

HAJJ

- کسٹم ہال میں سے اپنے سامان کی (سفری کوئف نامہ) دیکھ کر شناخت کرنا
- کسٹم والے تمام سامان کو سکینر مشینوں سے گزاریں گے
- حجاز میں ممنوعہ سامان کی موجودگی میں یا شبہ ہونے کی صورت میں سامان کھولا جا سکتا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ ائیرپورٹ آمد۔1

HAJJ

- اسکیننگ کے بعد اپنا سامان اسٹاف کے حوالے کر دیں
- معاونین تمام حجاج کو اپنی اپنی رہائش گاہ جانے کے لئے بسوں میں سوار کرائیں گے اور مکتب کے نمائندے تمام حجاج سے پاسپورٹ لے لیں گے
- ہر حاجی کا سامان اس کی اپنی رہائش گاہ پر پہنچا دیا جائے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ ائیرپورٹ آمد-2

HAJJ

- روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ کے تحت سفر کرنے والے حجاج امیگریشن کے مراحل سے گزرے بغیر براہ راست بسوں میں سوار ہوں گے اور سامان رہائش گاہ پر ملے گا
- مدینہ رہائش گاہ آمد پر معاونین آپکی رہنمائی کیلئے موجود ہونگے اور آپکو کمروں کی چابیاں مہیا کریں گے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# مدینہ ائیرپورٹ آمد۔3

- پاکستانی حاجی سعودی تصریح کے مطابق اپنی باری پر ریاض الجنۃ جائے گا۔اس کے لئے نسک ایپ کے ذریعہ انفرادی طور پر پیشگی اجازت لینی ہو گی
- براہ راست مدینہ جانے والے حجاج ویزا اور پرواز کا شیڈول ملنے پر پاکستان میں ہی NUSUK App پر ریاض الجنۃ کی رجسٹریشن کروالیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# مدینہ منورہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔1

- تمام تر احتیاطی تدابیر کے باوجود بعض اوقات کچھ حجاج کا سامان اپنی متعلقہ رہائش گاہ پر نہیں پہنچتا ایسی صورت میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں، اپنی شکایت کا اندراج کروائیں اور انتظار کریں۔ ہمارا متعلقہ عملہ جتنا جلدی ممکن ہو آپ کا سامان آپ تک پہنچائے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔2

HAJJ

❖ کچھ حجاج کو رہائش مسجد نبوی سے نسبتاً زیادہ فاصلے پر ملتی ہے۔ ایسی صورت میں حجاج کو نہ صرف زیادہ چلنا پڑتا ہے بلکہ وقت بھی زیادہ درکار ہوتا ہے۔ اگر آپ ایسے حجاج میں شامل ہیں تو صبر کا مظاہرہ کریں

# مدینہ منورہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔3

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

- بعض دفعہ رش کے باعث کھانے کے اوقات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایسے موقعوں پر بھی حجاج سے صبر کا مظاہرہ کرنے کی التجا ہے
- حرمین میں سفر کے دوران سیکیورٹی چیکینگ کے باعث بسوں کی نقل و حرکت میں غیر معمولی تاخیر ہوتی ہے لہذٰا صبر کا مظاہرہ کریں

# مدینہ منورہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔4

❖ مکہ روانگی شیڈول کے مطابق ہوگی جس کی لسٹ آپ کی بلڈنگ میں آویزاں کر دی جائے گی

❖ حجاج کرام شیڈول سے ہٹ کر نہ سفر کریں وگرنہ مشکلات ہوں گی

❖ مکہ روانگی کے وقت عموماً بسیں تاخیر سے چلتی ہیں لہذا صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔5

HAJJ

- مکہ روانگی کے دوران مسجد ذوالحلیفہ (ابیارِ علی) میں احرام کے لئے بس سے اترتے ہوئے بس کا نمبر اور محل وقوع ضرور نوٹ کریں اکثر حجاج وہاں گم ہو جاتے ہیں

- ایک جیسے بیگ ہونے کے باعث تمام حجاج سے التماس ہے کہ وہ اپنا سفری کوائف نامہ لازما اپنے بیگ کی دی ہوئی جگہ پر رکھیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# جدہ ائیرپورٹ آمد۔1

- جدہ ائیرپورٹ کی عمارت سے باہر آکر اپنا سامان پورٹرز کے حوالے کریں جو اسے ایک بڑی ٹرالی میں رکھ کر پاکستانی حجاج کی انتظار گاہ میں لے جائیں گے۔ احتیاطاً اس ٹرالی کا نمبر اپنے پاس نوٹ کریں

- روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ کے تحت سفر کرنے والے حجاج امیگریشن کے مراحل سے گزرے بغیر براہ راست بسوں میں سوار ہوں گے اور سامان رہائش گاہ پر ملے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# جدہ ائیرپورٹ آمد۔2

- ائیرپورٹ سے باہر آنے کے بعد بس میں دستی سامان اپنی نگرانی میں رکھوائیں اور باقی سامان رہائش گاہ پہنچا دیا جائے گا
- پاکستانی معاونین کی مدد سے بسوں میں بیٹھیں
- ائیرپورٹ سے مکتب کا نمائندہ تمام حجاج کے پاسپورٹ جمع کرکے رہائش گاہ کی طرف روانہ کردے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ ائیرپورٹ آمد۔3

HAJJ

- ہوائی جہاز کے واپسی کا ٹکٹ، ویزے کی کاپی اور بورڈنگ کارڈ اپنے پاس محفوظ کرلیں اور پاسپورٹ کے ساتھ نہ جمع کرائیں
- تقریباً ایک گھنٹہ سفر کرنے کے بعد بس زم زم دفاتر کے سامنے رکے گی یہاں آپ کو زم زم اور کچھ کھانے کی اشیاء کا تحفہ دیا جائے گا، یہاں سے کچھ فاصلے کے بعد حرم کی حدود شروع ہو جاتی ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# جدہ ائیرپورٹ آمد۔4

- بسیں آپ کو مکہ مکرمہ میں آپکی مخصوص رہائش گاہ پر لے جائیں گی
- آپ کے مکتب کا عملہ آپ کو مکتب کے کارڈ اور پیلے رنگ کے شناختی بریسلیٹ رہائش گاہ پر ہی مہیا کرے گا
- مکہ رہائش گاہ آمد پر معاونین آپکی رہنمائی کیلئے موجود ہونگے اور آپکے حاجی کارڈ کے مطابق آپکو کمروں کے چابیاں مہیا کریں گے
- اس دوران تحمل کا مظاہرہ کریں اور کچھ دیر آرام کے بعد گروپ کی شکل میں عمرہ کیلئے روانہ ہوں




# ادائیگی عمرہ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے مراحل-1

HAJJ

- گروپ کی صورت میں اپنی رہائش گاہ سے عمرہ کے لئے بذریعہ شٹل سروس حرم روانہ ہوں
- اپنی عمارت سے روانگی کے وقت بس پر درج شدہ سیکٹر نمبر اور اسٹاپ ذہن نشین کرلیں
- حرم میں داخلے سے پہلے بطور گروپ ایک متفقہ میٹنگ پوائینٹ طے کرلیں
- حرم میں داخل ہو کر مطاف کی طرف جائیں

# عمرہ کے مراحل-2



- مطاف میں داخل ہونے کے بعد حجرِ اسود کی سیدھ میں لگی ہوئی سبز لائٹ سے اپنا طواف شروع کریں
- طواف کے ہر چکر میں رکنِ یمانی سے لے کے حجر اسود تک کی مسنون دعا پڑھیں۔ علاوہ ازیں طواف کے دوران مختلف دعاؤں کا ورد رکھیں۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے مراحل۔3

HAJJ

- طواف کے پہلے تین چکروں میں مرد حجاج اپنا دایاں کندھا ننگا کرتے ہوئے رمل کریں
- ہر چکر پورا ہونے پر حجرہ اسود کی سیدھ میں پہنچنے پر اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر حجرِ اسود کی طرف کرتے ہوئے استلام کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے مراحل۔4

HAJJ

- طواف کے سات چکر پورے ہونے کے بعد دو نفل ادا کریں اور آبِ زَم زَم پیئیں
- اس کے بعد سعی کی نیت سے صفاء و مروہ جائیں
- سعی کا آغاز صفاء سے کرتے ہوئے سات چکر مروہ پر پورے کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے مراحل۔5

HAJJ





- سعی کے دوران سبز لائٹوں کے نیچے مرد حضرات دوڑتے ہوئے گزریں
- سعی مکمل ہونے کے بعد مرد حضرات حلق / قصر کروائیں اور خواتین تقریبا انگلی کے ایک پور یا انچ یا اس سے کچھ زیادہ بال کٹوائیں

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔1

HAJJ

- جدہ ائیرپورٹ پر پروازوں کی کثرت کے باعث امیگریشن میں لمبے انتظار کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے لہٰذا صبر کا مظاہرہ کریں
- جدہ ائیرپورٹ پر آپ کا سامان حج ٹرمینل کی بجائے دوسرے ٹرمینل پر جا سکتا ہے ایسی صورت میں معاونین سے رابطہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔2

HAJJ

- کبھی کبھار ائیر لائن سامان پاکستان چھوڑ آتی ہے لہذا اپنے دستی سامان میں ضرورت کی چیزیں ساتھ رکھیں اور وزارت کے عملے کو فوری مطلع کریں
- ایک بس میں زیادہ مکاتب کے لوگ ہوں تو سب کو رہائش گاہ / بلڈنگ تک پہنچانے میں وقت لگ سکتا ہے

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔3

❖ بعض اوقات آپ کا سامان کسی اور بلڈنگ میں اتر سکتا ہے لہذا ایسی صورت میں موقع پر موجود ہمارے عملے سے رابطہ کریں

❖ بعض اوقات حجاج کرام اپنی بجائے غلطی سے کسی اور حاجی کا سامان اپنے کمرے میں لے جاتے ہیں ایسی صورت میں بھی آپ سے ہمارے عملے سے رابطے کے ساتھ ساتھ تحمل کی التجا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔4

- ❖ مدینہ منورہ میں عام طور پر ہوٹلز رہائش گاہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں جبکہ مکہ معظمہ میں عمارتوں میں حجاج کی رہائش کا بندوبست ہوتا ہے جس کی وجہ سے مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ آنے والے حجاج کو رہائش کے معیار میں واضح فرق محسوس ہوتا ہے جو کہ حقیقت پر مبنی ہوتا ہے جو انتظامیہ کے دائرہ اختیار سے باہر ہے لہذا آپ سے تحمل کی استدعا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔5

HAJJ

❖ وزارت مذہبی امور حجاج کے لئے مکہ معظمہ میں رہائش کے لئے سعودی منظور شدہ تقریبا250 عمارات کا انتظام کرتی ہے۔ایسی صورت میں مختلف عمارات میں کچھ کم کچھ زیادہ معیار میں فرق ایک قدرتی عمل ہے لہذا اپنی مختص کردہ بلڈنگ میں صبر و تحمل سے قیام کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات-6

HAJJ

- مکہ معظمہ کی عمارات میں پاکستانی حجاج کو مرد اور خواتین کی بنیاد پر علیحدہ علیحدہ کمروں میں رہائش دی جاتی ہے لہذا اس معاملے میں انتظامیہ سے تعاون کریں
- مکہ معظمہ میں حجاج کی رہائشی عمارتیں سارا سال بند رہتی ہیں اس لئے شروع کے دنوں میں کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، ایسی صورت میں رہائش گاہ میں موجود عملے سے رابطہ کریں

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔7



- ویل چیئر والے اور بوڑھے حجاج کو اگر پہلی منزل پر جگہ نہ ملے تو ان سے صبر کا مظاہرہ کرنے کی درخواست ہے
- بلڈنگ میں شفٹ ہونے پر بلڈنگ کا نمبر اور محل وقوع وغیرہ نوٹ کر لیں کیونکہ عمرہ سے واپسی پر عموما حجاج واپسی کا راستہ بھول جاتے ہیں
- رہائش گاہ میں رش کے باعث لفٹوں میں انتظار کرنا پڑ سکتا ہے لہذا نماز کے لئے وقت سے پہلے نکلیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔8

HAJJ

- ❖ رہائش گاہ پر کھانا ملنے کے مخصوص اوقات ہوتے ہیں لہذا کھانے کی عدم دستیابی سے بچنے کے لئے وقت کی پابندی کریں
- ❖ رہائش گاہ میں مختلف علاقوں کے حجاج کی موجودگی کے باعث ہر ایک کے ذائقے کے مطابق کھانا مہیا کرنا ممکن نہیں لہذا حجاج تعاون کریں

# مکہ معظمہ میں قیام کے دوران ممکنہ مشکلات۔9

- حجاز مقدس میں روٹی پاکستان سے مختلف ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ گرم روٹی ملنا بھی ممکن نہیں
- شٹل ٹرانسپورٹ میں عشاء، فجر اور جمعہ کی نمازوں کے بعد بہت رش ہوتا ہے لہذا کچھ دیر انتظار کے بعد حرم سے نکلیں
- راستہ بھولنے کی صورت میں موقع پر موجود پاکستانی عملے سے رابطہ کریں یا پاک حج ایپ کا استعمال کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# ممکنہ سوالات و جوابات۔1

❖ حسب ضرورت ویل چیئر کے حصول کے لئے ویل چیئر ڈیسک سے رابطہ کریں

❖ گمشدہ سامان کی بازیابی کے لئے "گمشدگی و بازیابی سیل"

(Lost & Found Cell) میں رابطہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# ممکنہ سوالات وجوابات-2

- قربانی کی معلومات کے لئے عمارت میں موجود وزارت کے عملے سے رابطے میں رہیں
- ایمرجنسی کی صورت میں اگر کسی حاجی کو جلد وطن واپس آنا ہو تو "مین کنٹرول آفس" سے رابطہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# ممکنہ سوالات وجوابات۔3

- طبی ایمرجنسی یا بیماری کی صورت میں پاکستان میڈیکل مشن سے رابطہ کریں
- کسی بھی شکایت کی صورت میں پاک حج ایپ، مین کنٹرول آفس یا ٹال فری نمبر پر رابطہ کریں



# ادائیگی حج

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بنیادی اصول

HAJJ

- مناسک حج ہر اسلامی عبادات کی طرح، فرائض، واجبات، سنتوں اور مستحبات پر مشتمل عبادت ہے
- وقوف عرفات کے چھوٹ جانے سے حج نہیں ہوتا
- ممنوعات میں سے کسی ممنوع کا ارتکاب کرلیں تو بھی تلافی کی مختلف صورتیں ہیں
- اگر واجبات میں سے کوئی واجب ترک ہوگیا تو حرم کی حدود میں ایک جانور ذبح کیا جائے گا، اسے 'دم' کہتے ہیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کے دوران مختلف مقامات پر قیام اور سفر کا ایک نقشہ

HAJJ



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کے فرائض

- احرام/نیت/تلبیہ
- وقوفِ عرفہ
- طوافِ زیارت

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# حج کے واجبات

- وقوفِ مزدلفہ
- رمی جمرات (شیطانوں کو کنکریاں مارنا)
- قربانی کرنا
- حلق / قصر (بال منڈوانا / کٹوانا)
- سعی (طواف زیارت کے بعد)
- طواف وداع

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام باندھنے سے قبل وبعد کے ضروری امور۔1




- ناخن تراشنا اور غیر ضروری بال صاف کرنا
- غسل یا وضو
- خوشبو لگانا
- احرام باندھنا
- نوافل

# احرام باندھنے سے قبل وبعد کے ضروری امور 2



- ❖ نیت (ارادہ/نیت، آسان، قبول)
- ❖ تلبیہ پڑھنا
- ❖ دعا کرنا
- ❖ عورتوں کے احرام کے لئے کوئی خاص لباس نہیں، بس غسل وغیرہ سے فارغ ہو کر عام لباس پہن لیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN


# عورت کا احرام-1



- عورتوں کے احرام کے لئے کوئی خاص لباس نہیں، بس غسل وغیرہ سے فارغ ہوکر عام لباس پہن لیں
- جہاں تک ممکن ہو پردہ ضروری ہے ۔ سر پر کوئی چھجا سا لگایا جائے اور اس کے اوپر سے کپڑا (نقاب) اس طرح ڈالا جائے کہ پردہ ہوجائے مگر کپڑا چہرہ کو نہ لگے

# عورت کا احرام-2







- ❖ حج کے طویل اور پر ہجوم سفر میں عورت کے لیے پردہ کی پابندی بڑی مشکل ہے لیکن جہاں تک ممکن ہو پردہ کا اہتمام کیا جائے
- ❖ کسی بھی قسم کا جوتا پہن سکتی ہیں

# احرام کی پابندیاں ـ 1

احرام کی حالت میں مندرجہ ذیل امور ممنوع ہیں:

- مرد کا ٹوپی یا کپڑے سے سر یا چہرہ ڈھانپنا، وگ وغیرہ پہننا نیکر انڈر ویئر پہننا
- ناخن یا بال کاٹنا۔ بنیان پہننا
- دستانے اور موزے پہننا
- مہندی، کلر اور خوشبو لگانا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# احرام کی پابندیاں-2

- مرد کے لئے سلا ہوا کپڑا پہننا اور ایسی چپل پہننا جس سے پاؤں کی ابھری ہوئی ہڈی چھپ جائے
- خشکی کے جانور کا شکار یا شکار میں معاونت کرنا
- میاں بیوی کی مخصوص باتیں وغیرہ کرنا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام کی پابندیاں۔3

HAJJ

- حرم کی حدود میں ہرے بھرے پودے اکھاڑنا
- ساتھیوں سے جھگڑنا
- حدود حرم میں گری ہوئی کوئی بھی چیز اٹھانا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# منیٰ روانگی۔1






۸ ذی الحجہ

قیام گاہ ← منیٰ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# منیٰ روانگی ۔2

- سفر حج کا آغاز ۸ ذی الحجہ کو زوال سے قبل منیٰ پہنچنے سے ہوتا ہے
- منیٰ مکہ مکرمہ سے تقریباً 3-4 کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے
- پاکستانی حجاج بسوں کے ذریعے اپنی رہائش گاہوں سے منیٰ کے لئے روانہ ہوتے ہیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# منیٰ روانگی۔3

- عمومی طور پر پاکستانی حجاج کی منیٰ کے لئے نقل و حرکت ۷ ذی الحجہ کی رات سے ہی شروع ہو جاتی ہے
- تمام حجاج کو بسیں اپنے اپنے متعلقہ مکتب کے سامنے اتارتی ہیں
- حجاج کرام سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مکتب کا نمبر اور محل وقوع کو ذہن نشین کر لیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ضروری سامان برائے منیٰ

HAJJ

- ایک عدد اضافی احرام
- ایک عدد شلوار قمیض
- ایک عدد آرام دہ جوتا
- خواتین کے لئے بال تراشنے کے لئے قینچی
- ایک عدد چھتری و پانی کی بوتل
- بغیر خوشبو صابن / شیمپو، ضروری ادویات، ہوا والا تکیہ، موبائل فون، چارجر، چٹائی، مسواک، وغیرہ

Video

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# عرفات روانگی۔1



منیٰ

9ذی الحجہ



عرفات

# عرفات روانگی۔2

- 9 ذوالحجہ کو بعد ادائیگی نماز فجر عرفات کے لیے روانہ ہونا
- زیادہ تر پاکستانی حجاج ٹرین کے ذریعے جبکہ بقایا بسوں کے ذریعہ منیٰ سے عرفات جاتے ہیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عرفات روانگی۔3

- وقوفِ عرفہ حج کا رکن اعظم ہے جس کا وقت زوال سے غروبِ آفتاب تک رہتا ہے
- میدان عرفات نہایت ہی مقدس اور قبولیتِ دعا کا مقام ہے لہذا دعاؤں میں مشغول رہیں اور وقت ضائع نہ کریں
- ظہر اور عصر کی نمازیں عرفات میں ادا کی جاتی ہیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# مزدلفہ روانگی۔1



عرفات

9ذی الحجہ رات



مزدلفہ

# مزدلفہ روانگی-2

- غروبِ آفتاب کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھے بغیر عرفات سے مزدلفہ کے لیے روانہ ہونا
- پاکستانی حجاج عرفات سے مزدلفہ بھی بذریعہ ٹرین یا بس جاتے ہیں
- مزدلفہ میں کھلے آسمان تلے ہر حاجی کو رات گزارنی ہوتی ہے۔ اپنے ہمراہ لائی ہوئی چٹائی زمین پر بچھالیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# 3- مزدلفہ روانگی

- مزدلفہ پہنچنے کے بعد نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء اکٹھی ادا کریں
- رمی کے لئے (70) کنکریاں اکٹھی کریں
- بہتر ہے رات کا کچھ پہر سولیں کیونکہ فجر کی نماز کے بعد رمی کے لئے روانہ ہونا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# جمرات روانگی۔1



مزدلفہ

10ذی الحجہ



جمرات

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# 10 ذی الحجہ کی رمی

- 10 ذی الحجہ (رمی کا پہلا دن) کو منیٰ پہنچ کر صرف جمرۂ عقبہ (بڑا شیطان) کو سات کنکریاں ماریں
- رمی سے پہلے تلبیہ پڑھنا بند کر دیں
- ہر کنکری مارتے وقت بِسۡمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکۡبَر کہنا مسنون ہے

# قربانی کرنا

- رمی کے بعد قربانی کرنا واجب ہے۔ اس قربانی کے لیے تین دن‘ یعنی 10‘ 11 اور 12 ذوالحجہ مقرر ہیں ان دنوں میں جب چاہیں قربانی کر لیجیے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حلق یا قصر

HAJJ





- قربانی کرنے کے بعد مرد حلق یا قصر کروائیں
- سر کے بال حدودِ حرم کے اندر کسی بھی جگہ کٹوا سکتے ہیں خواہ حج ادا کر رہے ہوں یا عمرہ
- خواتین تقریبا انگلی کے ایک پور یا انچ یا اس سے کچھ زیادہ بال کٹوائیں
- حلق کروانے کے بعد مرد حضرات احرام کھول سکتے ہیں اور غسل کر کے عام کپڑے (شلوار قمیض) پہن لیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# طوافِ زیارۃ

طوافِ زیارہ کا وقت 10 ذی الحجہ کو رمی سے فارغ ہونے سے لیکر 12 ذوالحجہ کے غروبِ آفتاب تک رہتا ہے




منیٰ

10- 12 ذی الحجہ



جمرات



مکہ مکرمہ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سعی

طوافِ زیارت اور دو رکعت نمازِ طواف سے فارغ ہو کر صفا و مروہ کی سعی کریں صفا مروہ کی سعی کرناواجب ہے



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# 11 اور 12 ذی الحجہ






- 11 اور 12 ذی الحجہ کو تینوں جمرات کو کنکریاں مارنی ہیں
- اگر غروبِ آفتاب تک رمی نہیں کرسکے تو رات میں بھی صبح سے پہلے تک کنکریاں ماری جاسکتی ہیں
- سب سے پہلے چھوٹے جمرہ کو سات کنکریاں مارنی ہیں
- اسکے بعد تھوڑا آگے بڑھ کر دائیں یا بائیں جانب ہو جائیں
- اس کے بعد درمیان والے جمرہ پر 7 کنکریاں ماریں
- پھر آخر میں تیسرے اور بڑے جمرہ پر 7 کنکریاں ماریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# منیٰ سے واپسی

HAJJ

- 12 ذی الحجہ کو غروبِ آفتاب سے پہلے منیٰ چھوڑ دیں
- 12 ذی الحجہ کو غروبِ آفتاب سے پہلے منیٰ نہ چھوڑنے کی صورت میں رات منیٰ ہی میں قیام کرنا ضروری ہو گا
- 13 ذی الحجہ کو ایک بار پھر تینوں جمرات کی رمی کر کے رہائش گاہ واپس آئیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# اللہ تعالیٰ آپ کا حج مبرور کرے
# آمین



رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمِ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# طوافِ وداع

HAJJ

- مندرجہ بالا افعال و مناسک ادا کرنے کے بعد آپ کا حج پایہ تکمیل تک پہنچ گیا
- مکہ معظمہ چھوڑنے سے پہلے ایک طواف کر لیں جس کو طوافِ وداع کہتے ہیں
- اس طواف میں نہ تو رمل ہوگا اور نہ ہی اس کے بعد صفا اور مروہ کی سعی ہوگی، البتہ طواف کے دو نفل ضروری ہیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ادائیگی حج کے دوران ممکنہ مشکلات۔1

HAJJ

❖ حج کی ادائیگی کے لئے رہائش گاہ سے منیٰ روانگی سے لیکر حج کے اختتام پر منیٰ سے رہائش گاہ واپسی تک سارے انتظامات سعودی حکومت کے ذمہ ہوتے ہیں جس کی وجہ سے حج میں دی گئی سہولیات میں عدم دستیابی / تاخیر ہو سکتی ہے

❖ رہائش گاہ سے منیٰ روانگی کے وقت ممکن ہے کچھ حجاج کو خیمہ کارڈ یا ٹرین ٹکٹ ملنے میں تاخیر ہو۔ ایسے حجاج رہائش گاہ میں موجود ہمارے عملے سے رابطہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ادائیگی حج کے دوران ممکنہ مشکلات۔2

HAJJ

❖ حج روانگی کے لئے ٹرانسپورٹ کا انتظار کافی طویل ہو سکتا ہے

❖ حج کی ادائیگی کے دوران منیٰ میں حاجی کا قیام خیمہ میں ہوتا ہے۔ خیمہ میں میٹرس کی لمبائی پانچ فٹ دس انچ اور چوڑائی ایک فٹ آٹھ انچ ( 5.10 x1.8 فٹ )ہوتی ہے جس کی وجہ سے کچھ حجاج ایک سے زیادہ حاجی کی جگہ پر قبضہ کر لیتے ہیں نتیجتاً چند حجاج جگہ کے بغیر رہ جاتے ہیں۔ لہذا تمام حجاج سے تعاون اور صبر کی التجا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ادائیگی حج کے دوران ممکنہ مشکلات۔3

HAJJ

❖ واش روم کی تعداد حجاج کے مقابلے میں محدود ہوتی ہے جس کی وجہ سے حجاج کو لمبی قطاروں میں انتظار کی زحمت اٹھانی پڑتی ہے۔ حجاج کرام سے درخواست ہے کہ تحمل کے ساتھ باری کا انتظار کریں

❖ منیٰ میں قیام کے دوران ممکن ہے کہ ہر حاجی کے ذائقہ اور مزاج کے مطابق کھانا نہ ملے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ادائیگی حج کے دوران ممکنہ مشکلات۔4

HAJJ

- مشاعر میں سفر کے دوران بسوں میں سوار ہوتے وقت بزرگوں اور خواتین کو پہلے سوار کروائیں
- منیٰ سے عرفات روانگی کے لئے بسیں عموماً تاخیر سے پہنچتی ہیں
- بسوں میں سوار ہونے کے باوجود رش کی وجہ سے سفر کے دورانیہ میں غیر معمولی تاخیر ہوتی ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

# ادائیگی حج کے دوران ممکنہ مشکلات۔5

❖ مشاعر مقدسہ کے درمیان سفر کے دوران ٹرین اگرچہ چند منٹ لیتی ہے لیکن اس پر سوار ہونے کے لئے حجاج کے جم غفیر میں رہ کر کافی انتظار کرنا پڑتا ہے

❖ وقوفِ عرفات ایک سادہ خیمہ میں ہو گا لہذا گرمی کی شدت کا سامنا ہو گا اور وہاں بھی واش روم اور وضو کے لئے دھوپ میں طویل انتظار کرنا پڑے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ادائیگی حج کے دوران ممکنہ مشکلات۔6

HAJJ

❖ کوشش کریں کہ اپنے گروپ کے ساتھ رہیں وگرنہ گم ہونے کی صورت میں ملنا نہایت مشکل ہے

❖ ایامِ حج میں سعودی حکومت پڑوسی ممالک سے ڈرائیوروں کی بھرتی کرتی ہے جو کہ مکہ اور مدینہ کے راستوں سے ناواقف ہوتے ہیں لہذا راستہ بھولنے اور منزل پر تاخیر سے پہنچنے کا احتمال رہتا ہے

# ادائیگی حج کے دوران ممکنہ مشکلات۔7

❖ سعودی عرب میں ٹریفک دائیں ہاتھ چلتی ہے لہذا سڑک عبور کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں

❖ پاکستان کا وقت سعودی عرب سے دو گھنٹے آگے ہے

❖ مشاعر میں ویل چیئر کی فراہمی میں مشکل پیش آسکتی ہے لہذا ویل چیئر کا پیشگی انتظام کرلیں

# ادائیگی حج کے دوران ممکنہ مشکلات۔8

- سعودی عرب میں WhatsApp پر کال نہیں ہوتی لہذا کال کے لئے Imo یا Botim کا استعمال کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ سے حرم تک ٹرانسپورٹ کا نظام-1

HAJJ

- مکہ میں حجاج کی تمام رہائشی عمارتوں کو مختلف سیکٹرز میں تقسیم کیا جاتا ہے اور ہر سیکٹر کی بس الگ ہوتی ہے
- ہر سیکٹر میں بنائے گئے بس سٹاپ سے 24 گھنٹے حرم کیلئے بسیں بلا معاوضہ دستیاب ہونگی
- ہر بس کے سامنے سیکٹر اور بلڈنگ نمبر درج ہوتا ہیں جس کو ذہن نشین کر لیا جائے

# بلڈنگ سے حرم تک ٹرانسپورٹ کا نظام-2

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

HAJJ

- عزیزیہ سے آنے والی بسیں حرم کے قریب دو کلومیٹر کے فاصلے پر (مسقوطہ) اتارے گی اور وہاں سے سعودی حکومت کی ٹرانسپورٹ سروس "ساپٹکو" (SAPTCO) آپکو حرم تک پہنچائے گی
- بطہ قریش رہائش پذیر حجاج کرام کو حرم کے قریب کدائی بس سٹاپ پر اتارے گی
- علاوہ ازیں 4ذوا لحجہ سے 14ذو الحجہ تک حکومت پاکستان کی مہیا کردہ ٹرانسپورٹ سعودی عرب کی حکومت بند کر دیتی ہے۔

# بلڈنگ میں لفٹ کا استعمال۔1

- رہائشی عمارتیں کثیر منزلہ ہوتی ہیں جس میں اپنے کمرے تک رسائی لفٹ کے ذریعے ہوتی ہے
- نماز کے اوقات میں لفٹ پر بھیڑ بڑ جاتی ہے لہذا تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے خواتین اور بزرگوں کا احترام کریں اور انہیں پہلے سوار ہونے کا موقع دیں
- زیادہ بہتر ہے کہ نماز سے کچھ دیر پہلے تیار ہو کر اپنے کمروں سے نکلیں تا کہ بھیڑ سے بچ سکیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ میں لفٹ کا استعمال-2

HAJJ

- لفٹ میں سوار ہوتے وقت پہلے لفٹ سے اترنے والے حجاج کو اس سے باہر آنے کا موقع دیں اور پھر لفٹ پر سوار ہوں
- جہاں تک ممکن ہو سیڑھیوں کا استعمال کریں۔

HAJJ

# حج کے بعد وطن واپسی ۔1

- خریداری کو کم سے کم رکھیں
- اپنی ائیرلائن کی پالیسی کے مطابق سامان کا وزن رکھیں
- آپ کا سامان ائرلائن City Check-In کی سہولت کے تحت آپ کی بلڈنگ پر ہی واپسی کی پرواز سے 72 گھنٹے پہلے وصول کرلے گی۔
- دستی سامان کا وزن زیادہ سے زیادہ 7 کلوگرام رکھیں

# حج کے بعد وطن واپسی-2

- اپنے ٹرالی بیگ کی پلاسٹک ریپنگ کروائیں
- اپنے سامان پر اپنا نام اور رابطہ نمبر ضروری لکھیں
- سامان رسی وغیرہ سے نہ باندھیں
- اپنے دستی بیگ میں چھری، پانی، مائع اشیاء یا کوئی نوک دار چیز نہ رکھیں

# شکریہ